# دی سٹی اسکول

نارتھ ناظم آباد بوائز کیمپس

## تجزیاتی "اردو" ورک شیٹ برائے جماعت ہفتم

نام: ____________________ فریق: ____________________ تاریخ: ____________________

## تفہیم

مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیئے سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں دیں۔

ہم چاروں دوستوں نے گرمیوں کی چھٹیوں میں پاکستان کے خوبصورت شمالی علاقوں کی سیر کا پروگرام بنایا۔ ہم لاہور سے ہوتے ہوئے اسلام آباد کی سیر کرتے ہوئے مری پہنچے۔ وہاں ہوٹل میں قیام کیا۔ ہوٹل میں ایک شخص جس کا نام کریم تھا ملا۔ اس نے نواحی پہاڑوں کا ذکر کیا اور ان کی تعریف کے پل باندھے۔ ہم سب کو اس جگہ کو دیکھنے کا تجسس بڑھ گیا، لہٰذا ہم لوگوں نے شام ہی کو روانہ ہونے کا فیصلہ کر لیا۔ ہم نے ایک جیپ کے ڈرائیور سے بات کی مگر وہ رات کے وقت اس راستے پر جانے کو راضی نہ ہوا۔ جیپ کا ڈرائیور جس کا نام ماجد تھا' کہنے لگا کہ رات کو لٹیرے اس راستے پر لوٹ لیتے ہیں اور کچھ پراسرار واقعات بھی کبھی کبھی رونما ہوتے ہیں اس بات کو ہم نے وہم کا نام دے کر ٹال دیا اور بے حد اصرار کے بعد اس کو راضی کر لیا لٰہذا ہمارا مختصر سا قافلہ روانہ ہوگیا۔ سڑک کے ایک طرف کھائی تھی اور دوسری طرف پہاڑ۔ ان پہاڑوں کے راستے اور اس علاقے سے متعلق معلومات ہمیں ماجد سے ملیں۔ رات تقریباً نو بجے کا وقت تھا ہم پہاڑیوں کے بیچوں بیچ چلے جا رہے تھے۔ تقریباً ایک گھنٹہ سفر کرتے ہوئے گزرا تھا کہ جیپ اچانک بند ہوگئی اور کسی صورت چل نہ سکی۔ راستہ بھی سنسان تھا۔ کافی کوشش کے بعد ماجد نے جیپ سے اترنے کے لئے کہا' اترنے کے بعد جیپ کو دھکا لگانا شروع کیا مگر بے سود ثابت ہوا۔ ڈرائیور کا کہنا تھا کہ آگے ڈھلوان آنے والی ہے پھر گاڑی خود چل پڑے گی۔ دھکا لگاتے ہوئے ہم تھک کر چور ہو چکے تھے۔ اتنے میں محسوس ہوا کہ دھکا آسان ہوگیا ہے اور جیپ خود بخود لڑھکنے لگی ہے۔ یکا یک جیپ کی رفتار تیز ہوگئی ہم اتنے تھک چکے تھے کہ دوڑ کر سوار ہونے کا سوال ہی نہیں تھا۔ ہم ڈرائیور کو رکنے کو کہتے رہے مگر اس نے تو جیسے ایک نہ سنی اور دیکھتے دیکھتے جیپ ہم سے بہت دور چلی گئی۔

## سوالات

۱۔ دوستوں نے کن علاقوں کی سیر کا پروگرام بنایا؟

____________________

____________________

۲۔ ہوٹل سے یہ دوست کیوں پہاڑی علاقوں کی طرف چل پڑے؟

____________________

۳۔ جیپ کا ڈرائیور رات کو جانے سے کیوں ہچکچا رہا تھا؟

۴۔ جیپ اچانک کیوں تیز ہو گئی؟

۵۔ عبارت کا موضوع عنوان منتخب کریں۔

درج ذیل اردو الفاظ کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔

اصرار________ تجسّس__________ فیصلہ___________ سنسان____________

رفتار__________

درج ذیل الفاظ کو معیاری جملوں میں استعمال کریں۔

کوشش:

واقعات:

روانہ:

عبارت سے دو سابقے تلاش کر کے لکھیں۔

__________ ، __________

درج ذیل الفاظ کے متضاد تلاش کر کے لکھیں۔

قریب______ مشکل____________ کھولنا___________

# تفہیم نمبر۲

ابوعبداللہ درزی ملک شام میں رہتا تھا۔ بہت سے لوگ ان سے کپڑے سلواتے تھے ان میں ایک مجوسی بھی شامل تھا۔ جو بہت چالاک اور دھوکے باز تھا۔ وہ ہمیشہ سلائی کروانے کے بعد انکو کھوٹا سکہ دے جاتا تھا اور تعجب کی بات ہے کہ وہ پہچان کے بعد بھی وہ سکہ رکھ لیتے تھے۔

ایک دن ایسا ہوا کہ وہ دکان پر نہیں تھے ان کا ملازم تھا وہ مجوسی آیا اور اس نے سلائی کے پیسوں میں کھوٹا سکہ دیا جو کہ ملازم نے پہچان کر واپس کر دیا۔ اس نے دیکھا کہ وہ پکڑا گیا ہے تو اس نے سکہ بدل دیا۔ ابوعبداللہ کے آنے پر ان کے ملازم نے سارا ماجرا سنایا کہ اس کایاں مجوسی نے کیا کیا تھا اس کی بات سن کر عبداللہ نے کہا کاش تم وہ سکہ لے لیتے میں کب سے اس سے وہ سکہ لے لیتا ہوں صرف اس وجہ سے کہ وہ یہ سکہ کسی اور کو دے گا میں وہ سکہ اندھے کنوئیں میں پھینک دیا کرتا تھا تا کہ دھوکہ دہی کا یہ سلسلہ یہاں ہی ختم ہو جائے اور کسی کو نقصان نہ ہو۔ حدیث ہے کہ مسلمان اگر مسلمان کا خیر خواہ نہ ہو تو صاحب ایمان نہیں۔

## سوالات

**مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔**

۱۔ ابوعبداللہ کہاں رہتے تھے اور کیا کام کرتے تھے؟

---

---

۲۔ مجوسی کا ابوعبداللہ کے ساتھ کیا معمول تھا؟

---

---

۳۔ ابوعبداللہ کی غیر موجودگی میں مجوسی کے ساتھ کیا ہوا؟

---

---

۴۔ ابوعبداللہ کھرے کھوٹے کی پہچان رکھنے کے باوجود کھوٹا سکہ کیوں لے لیتے تھے؟

---

---

۵۔ عبارت میں موجود حدیث کا کیا مطلب ہے؟

---

۶۔ ابوعبداللہ کھوٹا سکہ کنوئیں میں کیوں پھینک دیا کرتے تھے؟

۷۔ درج بالا عبارت میں سے دو (۲) حروف تلاش کر کے تحریر کریں۔

ا۔ ____________ ۲۔ ____________

۸۔ درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

ا۔ تعجب: ____________

۲۔ چالاک: ____________

۳۔ درزی: ____________

۴۔ ملازم: ____________

۹۔ درج ذیل الفاظ کا انگریزی ترجمہ تحریر کیجئے۔

ا۔ سلائی: ____________

۲۔ پہچان: ____________

۳۔ ماجرہ: ____________

# حصہ ادب

درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔

۱۔آپ ﷺ کی آمد سے پہلے انسان کن معاشرتی برائیوں میں مبتلا تھا؟

___

۲۔آپ ﷺ نے امت تک کیا پیغامِ حق پھیلایا؟

___

۳۔نعت میں آپ ﷺ کی کیا خوبیاں بیان کی گئیں ہیں؟۔

___

۴۔دیئے گئے اشعار کی تشریح معہ حوالہ کیجئے۔

وہ بجلی کا کڑکا تھا یا صوتِ ہادی
عرب کی زمین جس نے ساری ہلا دی
نئی اک لگن سب کے دل میں لگا دی
اک آواز میں سوئی بستی جگا دی
پڑا ہر طرف غل یہ پیغامِ حق ہے
کہ گونج اٹھے دشت وجبل نام حق ہے

___

___

___

___

___

___

___

☆نظم اے ارضِ وطن کا مرکزی خیال لکھیں۔

سوال ۱: حکایت رومی سے کیا مراد ہے؟

سوال ۲: چوروں نے توبہ کیوں کی؟

سوال ۳: اگر شاہ اور ۔۔۔۔ میں آپ شاہ کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟

سوال ۴: نظم نعت میں ضعیفوں کا ملجا غریبوں کا ماویٰ سے کیا مراد ہے؟

سوال ۵: ہم اپنے وطن کی خدمت کے لئے کیا کر سکتے ہیں؟

سوال ۶: سبق خواب کیا ہے؟ کا خلاصہ تحریر کریں۔

۱۔سبق شاہ اور۔۔۔۔۔میں محمود غزنوی کا اپنی رعایا کے ساتھ کیسا سلوک تھا؟ آپ نے یہ اندازہ کس بات سے لگایا؟

________________________________________

________________________________________

۲۔سبق شاہ اور۔۔۔۔۔۔میں چوروں کو سلطان نے اپنا کیا کمال بتایا؟

________________________________________

۳۔سبق میں کتنے چور چوری کا منصوبہ بنا رہے تھے؟

________________________________________

۴۔اگر آپ بادشاہ ہوتے تو کیا کرتے؟

________________________________________

۵۔آپ کے خیال میں محمود غزنوی کس طرح کا بادشاہ تھا؟

________________________________________

☆ خالی جگہیں پر کریں۔

۱۔خزانہ لوٹ کے چوروں نے __________ میں چھپایا۔

۲۔سلطان __________ بدل کر رعایا کا حال معلوم کرنے جاتا۔

۳۔ایک چور کا کمال تھا کہ دیوار میں __________ کر دیتا۔

۴۔سب سے نرالا وصف __________ کا تھا۔

**سوالات**

۱۔نظم اے ارض وطن میں کن ہم وطنوں کا ذکر کیا گیا ہے؟

________________________________________

۲۔شاعر نے اپنے وطن کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟

________________________________________

۳۔ اشعار کی تشریح معہ حوالہ لکھیں۔

ترے جنگل پربت ہرے رہیں
یہی رنگ رہے تری جھیلوں کا
چشمے پانی سے بھرے رہیں
اے ارض وطن مجھے تیری قسم
جب تجھ کو ضرورت ہو میری
شمشیر بنے گا میرا قلم

# حصہ قواعد

☆ درج ذیل غلط جملوں کو درست کر کے لکھیں۔

۱۔ ہمارا استاد بہت کابل ہے۔

________________________________________

۲۔ وقت ضایا نہ کرو۔

________________________________________

۳۔ اس کا نتیجہ دیکھ کر سر باغ باغ ہو گیا۔

________________________________________

۴۔ وہ کئی جماعت پڑھ چکا ہے۔

________________________________________

☆ درج ذیل جملوں کو ایسے تبدیل کیا جائے کہ اس کا مطلب تبدیل نہ ہو۔

۱۔ پولیس نے چوروں کو پکڑا۔

چور پولیس کے ________________________

۲۔ ہم نے چڑیا گھر کی سیر کی۔

ہم چڑیا ________________________

۳۔ ڈاکٹر نے مریض کا مرض دیکھتے ہوئے علاج کیا۔

مریض کا علاج ________________________

۴۔ آندھی کے بعد درخت گر جاتے ہیں۔

درخت ________________________

سوال نمبر ۲: درج ذیل انگریزی عبارات کا اردو ترجمہ تحریر کریں۔

There are many traditional festivals in china each year,and they are celebrated in different ways.Most of there festivals are linked to a historical event or figure.All of them are based on the Chinese lunar calendar.The most important festival is the Chinese New year which coincides with spring.

lunarcalendar قمری جنتری

coincides برابر ساتھ ہونا

There are dangerous creatures for many years they have been hunted by humans for their elegant fur.We ought to learn about them but we should also look for ways to protect them.The tiger is a fierce strong and power ful hunting cat that hunt in forests and jungles.

Education is discovering about ourselves and about the people and things ,around us.All the people who care about us as our parents, brother,sisters,friends and our teachers. In fact, we learn sonething fron every one we meet.We start learning on the day we born, not on the first day we go to school.

☆ دیئے گئے محاورات کا جملوں میں استعمال کریں۔

۱۔ بے پر کی اڑانا

۲۔ پاپڑ بیلنا

۳۔ پتھر کی لکیر ہونا۔

۴۔ دال میں کالا ہونا

۵۔ زمین آسمان کے قلابے ملانا

☆ درج ذیل عبارت کو مناسب رموز اوقاف کی مدد سے مکمل کریں۔

مینا چپکے سے ایک جھاڑی کے پاس اتر گئی اور پوچھا کیوں بی آپ کون ہیں میں رات کی رانی ہوں مینا یہ نام سن کر بولی واہ واہ رانی جی میرے سنگ سیر کو چلتی ہو

☆ کئی سال پہلے میں نے اپنی بہن سے کہا یہ کیا بات ہے کوئی محنت ہی نہیں کرتا اس نے کہا محنت کے بارے میں قائد کے بہت سے فرمان ہیں اسی پر عمل پیرا ہونا چاہیے بھئی واقعی تم نے بالکل ٹھیک کہا

☆تشبیہات کی نشاندہی کریں۔

لب پہ آتی ہے دعابن کے تمنامیری
زندگی شمع کی صورت ہوخدایامیری

---

ہومیرے دم سے یونہی میرے وطن کی زینت
جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت

---

درج ذیل الفاظ سے تشبیہ کے الفاظ بنائیں۔

۱۔زہریلا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۲۔سرد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۔صاف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۴۔سرخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

☆تشبیہ کااستعمال کریں۔

۱۔کوئلے کی طرح ______________________

۲______________________ کی طرح شفاف

۳______________________ جیسا حسین

۴۔ہمالیہ جیسا ______________________

☆دیئے گئے جملوں میں الفاظ کے متضادلگا کر جملہ مکمل کریں۔

۱۔ (بوند)بوندکرکے ______________________ بنتا ہے۔

۲۔ اس نے جنگ میں ______________________ کامظاہرہ دکھایا۔(بزدل)

۳۔ میچ میں ______________________ کے لئے دعائیں مانگی گئیں۔(شکست)

۴۔ اس نے (آمدنی) میں سے سات ہزارکا ______________________ کیا۔

☆ درج ذیل جملوں میں الفاظ کے مترادف لگا کر جملہ مکمل کریں۔

۱۔ اس نے جنگ میں (جیت) حاصل کرنے کے ______________ کا جشن منایا۔

۲۔ اس نے بہت ______________ کے ساتھ اندھیرے کمرے میں قدم رکھا۔ (بہادر)

۳۔ اس کا لندن جانے کا (ارادہ) ______________ بہت پختہ ہے۔

۴۔ اس کے گھر ______________ میں خوب کھانا کھایا۔ (ضیافت)

☆ مذکر و مونث کا استعمال

۱۔ (دیہاتن) کام کے لئے شہر سے باہر گئی۔

______________________________

۲۔ ______________ نے سڑک پار کھڑے (بھکاری) سے بات کی۔

۳۔ برتن تیار کر کے ______________ بازار میں بیچ آیا۔ (کمہارن)

ضرب الامثال مکمل کر کے ان کے مفاہیم تحریر کریں۔

۱۔ جس کا کام ------------

______________________________

۲۔ ناچ نہ جانے ------------

______________________________

۳۔ سانچ کو ----------------------

______________________________

۴۔ رسی جل گئی ----------------------

______________________________

☆لاحقوں کی مدد سے دو دو نئے الفاظ تحریر کریں۔

| الفاظ | لاحقہ | الفاظ | لاحقہ |
|---|---|---|---|
| | بان | | گو |
| | انگیز | | زار |

☆سابقوں کی مدد سے نئے الفاظ تحریر کریں۔

ا۔پست --------- کم -------- کار -------- نیم -------- دار ---------

تنگ --------

☆لاحقوں کی مدد سے نئے الفاظ تحریر کریں۔

کدہ ---------- دار--------------- شناس----------------خانہ--------------

پرور----- ----- پرست---------

## حصہ انشاء پردازی

درج ذیل عنوان پر ۱۵۰ الفاظ پر مضمون لکھیں۔

☆ ٹریفک قوانین کی پابندی

اشارات:

قوانین یا اصول کیا ہوتے ہیں؟

ٹریفک قوانین کی پابندی ، کیسے؟

حادثات سے بچاؤ، زندگی محفوظ

☆ آزادی کی اہمیت

☆ اخبار بینی کیوں کم ہوتی جارہی ہے؟

☆ خدمت خلق

☆ صبر و تحمل

☆ نظم وضبط

☆انٹرنیٹ کتابوں سے دوری کی اہم وجہ!

☆ آج کے انگریزی میڈیم دور میں اردو زبان کی اہمیت

## خط نویسی کی امشاق

۱۔ ایک خط کے ذریعے کسی معروف شخصیت کو اپنے اسکول آنے اور علمی خطاب کی دعوت دیں۔

۲۔ آپ ٹی وی کے ایک پروگرام سے مطمئن نہیں ہیں۔ایک خط کے ذریعے پروگرام کے پروڈیوسر سے آگاہ کریں اور تجاویز دیں۔

۳ اپنے کرکٹ کلب کے سیکرٹری کی حیثیت سے اپنے مینجر کے نام مستعفی ہونے کے لیے لکھیں۔

۴۔ تصور کریں کہ آپ اس وقت ہوائی سفر کر رہے ہیں ایک خط کے ذریعے اپنے دوست کو اپنے سفر کی روداد لکھیں۔

۵۔ دوست کے نام پاکستان کے موسموں کے بارے میں خط

۶۔ بیٹے کے نام مستقبل کے منصوبوں کے بارے میں خط

## مکالمہ نویسی کی مشق کے لیے عنوانات

۱۔ سیر و سیاحت کے فوائد پر باپ اور بیٹے کے درمیان مکالمہ لکھیے۔

۲۔ بورڈنگ ہاؤس کی زندگی پر دو دوستوں کے درمیان مکالمہ

۳۔ فیشن پرستی پر دو دوستوں کے درمیان مکالمہ

۴۔ انگریزی اخبارات پڑھنے کے فائدوں پر دو دوستوں کے مابین مکالمہ

۵۔ اسکول میں ہونے والی نظم گوئی کی تقریب پر دو ہم جماعتوں کے درمیان مکالمہ

۶۔ درزی اور گاہک کے درمیان مکالمہ

## درج ذیل عنوانات پر رپورٹ تحریر کیجیے۔

۱۔ بازار میں غیر معیاری اشیاء کی فروخت کے حوالے سے رپورٹ تحریر کریں۔

۲۔ اسکول میں ہونے والی تقریب پر رپورٹ

۳۔ ملک کے ٹریفک کے نظام پر رپورٹ

۴۔ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی پر رپورٹ

۵۔ بڑھتی ہوئی آلودگی سے پیدا ہونے والے مسائل پر رپورٹ